SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبرXIII، مجریہ ۲۰۱۴

SINDH ACT NO.XIII OF 2014

صوبائی موٹروہیکلز(ترمیم)ایکٹ، ۲۰۱۴

THE PROVINC IAL MOTOR VEHICLES

(AMENDMENT) ACT, 2014

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ مغربی پاکستان کے حکم نامہ نمبرXIX مجریہ ۱۹۶۵کی دفعہ ۲ کی تبدیلی

Amendment of section 2 of West Pakistan Ordinance No.XIX of 1965

۳۔ مغربی پاکستان کے حکم نامہ نمبر XIX مجریہ ۱۹۶۵کی دفعہ ۸ کی تبدیلی

Amendment of section 8 of West Pakistan Ordinance No.XIX of 1965

۴۔ مغربی پاکستان کے حکم نامہ نمبر XIX مجریہ ۱۹۶۵میں نئی دفعہ A-45کااضافہ

Insertion of new section 45-A in the West Pakistan Ordinance No.XIX of 1965

۵۔ مغربی پاکستان کے حکم نامہ نمبر XIX مجریہ ۱۹۶۵ کی دفعہ ۱۲۰ کی تبدیلی

Amendment of section 120 of West Pakistan Ordinance No.XIX of 1965

۶۔ مغربی پاکستان کے حکم نامہ نمبر XIX مجریہ ۱۹۶۵ کے بارھویں شیڈول کی ترمیم

Amendment of Twelfth Schedule of West Pakistan Ordinance No.XIX of 1965

سندھ ایکٹ نمبرXIII، مجریہ ۲۰۱۴

SINDH ACT NO.XIII OF 2014

صوبائی موٹر وہیکلز (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۴

THE PROVINC IAL MOTOR VEHICLES (AMENDMENT) ACT, 2014

[۲۸ مئی ۲۰۱۴]

ایکٹ جس کے توسط سے سندھ صوبے کی موٹر گاڑیوں کے متعلق آرڈیننس کو تبدیل کیا جائے گا۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ پراونشل موٹر وہیکلز آرڈیننس ۱۹۶۵ کو تبدیل کرنا مناسب جانا گیا، اس لئے اسے مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیل کیا جاتا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

۱۔(۱) اس ایکٹ کو پراونشل موٹر وہیکلز (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۴ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

مغربی پاکستان کے حکم نامہ نمبرXIX مجریہ ۱۹۶۵ کی دفعہ ۲ کی تبدیلی
Amendment of section 2 of West Pakistan Ordinance

۲۔ ۱۹۶۵ کے صوبائی موٹر گاڑیوں والے حکم نامے (Ordinance) کو جس کو اس کے بعد حکم نامہ (Ordinance) ہی کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۲ کی شق (۲۳) کے بعد لفظ "ٹرالر" کے بعد کمبائنڈ ہارویسٹر (Combined Harvester) فورک لفٹر (Fork Lifter) روڈ رولر (Road Roller) تعمیر کرنے اور مٹی ہٹانے والی مشین مثلاً ویل لوڈر (Wheel Loader)، ڈمپر (Dumper) کرین (Crane) کھدائی کرنے والے (Excavator) گریڈر (Grader) بلڈوزر

No.XIX of 1965

(Bulldozer)، پائیپ لیئر (Pipe Layer) روڈ بنانے والے اور روڈ یا نالیاں صاف کرنے پلانٹ کا اضافہ کیا جائے گا۔

مغربی پاکستان کے حکم نامہ نمبر XIX مجریہ ۱۹۶۵ کی دفعہ ۸ کی تبدیلی

Amendment of section 8 of West Pakistan Ordinance No.XIX of 1965

۳۔ تبدیل ہونے والے حکم نامے (Ordinance) کی دفعہ ۸ کے بعد شق (g) کے بعد مندرجہ ذیل شامل کیا جائے گا:

(g-i) Dumper; ڈمپر

(g-ii) Trailer; ٹرالر

(g-iii) bulldozer; بلڈوزر

(g-iv) Crane; کرین

(g-v) Excavator; کھدائی کرنے والی مشین

(g-vi) Grader; درجہ بندی کرنے والی مشین

مغربی پاکستان کے حکم نامہ نمبر XIX مجریہ ۱۹۶۵ میں نئی دفعہ 45-A کا اضافہ

Insertion of new section 45-A in the West Pakistan Ordinance No.XIX of 1965

۴۔ تبدیل کئے جانے والے حکم نامے (Ordinance) کی دفعہ ۴۵ میں یہ اضافہ کیا جائے گا:

"45-A اسٹیج کیریجز پر ضابطہ رکھنے کا اختیار (Power to regulate stage carriages)

(ا) مقرر کردہ راستے (Route) یا علاقے میں اسٹیج کیریجز پر سرکاری ضابطہ لگائے گی تاکہ

(الف) گنجان ٹریفک میں کمی لائی جاسکے۔

(ب) عوام کو لائق، مناسب، بہتر، بے خطر، اور سستی قسم والے روڈز پر آمدرفت والا سسٹم مہیا کیئے جائیں۔

(ت) عورتوں اور معذوروں کے لئے گاڑیوں میں بیٹھنے کا مناسب بندوبست کیا جائے۔

(ث) آمدرفت (Transportation) کے طریقہ کار کے لیئے دوسری کوئی بھی

ضرورت پوری کی جائے۔

مقررہ وقت میں جانچ پڑتال کی جائے تاکہ یہ سب یا کچھ طے ہو سکے تاکہ:

(i) وہ روڈ، رستے (Routes) جن پر گاڑیاں چلتی ہیں، ان کو آپس میں ملایا جائے یا مقرر کیا جائے:

(ii) کہ کس قسم کے روڈ، گاڑی (اس کی نوعیت، نمونے، مسافروں کو بٹھانے کی گنجائش کو الٹی اور عمر) مقررہ راستے پر چلے گی۔

(iii) یہ مقررہ راستے کے لیئے کتنی تعداد میں گاڑیاں چلانے کے اجازت نامے دیئے جائیں یا

(iv) یہ کہ کسے طریقہ اپنایا جائے کہ جو ماحولیاتی آلودگی اور گاڑیوں کی گنجان آمدرفت کو کم کیا جائے اسے ضابطہ میں رکھا جائے۔

(v) کہ روڈ رستوں کا بچاؤ اور اس میں اضافے والی ضرورتیں کونسی اور کتنی ہیں۔

5. تبدیل ہونے والے حکم نامے کی دفعہ ۲۱۰ کے لیئے اسے نعم البدل کے طور پر رکھا جائے گا: (۱)روڈ پر چلنے والی گاڑیوں کے لیئے آفیسر زیا ممتحن کی مقرری (Appointment of motor vehicles officers or examiners) اس حکم نامے کے مختلف پہلوئوں کو موثر نمونے نافذ کرنے کے لیئے سرکار موٹر وہیکل آفیسر یا ممتحن مقرر کر سکتی ہے، جو ٹرانسپورٹ ڈپارٹمینٹ (Transport Department) کی ماتحتی میں خدمات سرانجام دینگے۔ (۲)اس کے بعد پولیس کھاتے والے تمام موٹر وہیکل آفیسر یا ممتحن، اپنی مالی منظوریوں (Budgetary Allocations) اثاثوں اور مالی ذمہ داریوں (Assets and liabilities) سمیت ٹرانسورٹ ڈپارٹمینٹ کو منتقل ہو جائیں	مغربی پاکستان کے حکم نامہ نمبر XIX مجریہ ۱۹۶۵ کی دفعہ ۱۲۰ کی تبدیلی Amendment of section 120 of West Pakistan Ordinance No.XIX of 1965

گے۔

۶۔ تبدیل ہونے والے حکم نامے کی بارہویں گوشوارے (Twelfth Schedule) کے لیئے یہ نعم البدل ہوگا:

مغربی پاکستان کے حکم نامہ نمبر XIX مجریہ ۱۹۶۵ کے بارہویں شیڈول کی ترمیم

Amendment of Twelfth Schedule of West Pakistan Ordinance No.XIX of 1965

بارہوان گوشوارہ(Twelfth Schedule)

(دیکھیں دفعہ 116-A)

پہلا حصہ

خلاف ورزی کرنا

نمبر شمار	خلاف ورزی	جرمانہ
۱۔	مقررہ رفتار سے آگے بڑھ جانا۔	=/400 روپے
۲۔	دی گئی اجازت سے زائد تعداد میں عوام کے لیئے چلنے والی(سفری گاڑیوں)میں مسافر کو بٹھانا۔	=/300 روپے
۳۔	بتی یا ہاتھوں والے ٹریفک سگنلز (Traffic Signals) کی خلاف ورزی کرنا۔	=/400 روپے
۴۔	عوام کی سہولت کے لیئے مال بردار گاڑیوں میں زائد سامان کا اٹھانا۔	=/300 روپے
۵۔	دوسری گاڑیوں کو رستے کے حقوق دینے میں کوتاہی۔	=/300 روپے
۶۔	ہنگامی مقاصد کے لیئے استعمال ہونے والی گاڑیوں کے راستے میں رکاوٹ ڈالنا۔	=/150 روپے
۷۔	ہنگامی مقاصد کے لیئے استعمال ہونے والی گاڑیوں	=/150

	کے راستے میں رکاوٹ ڈالنا۔	روپے
۸۔	مال بردار گاڑیوں میں ایسا مال بھرنا جو قد و قامت سے زائد ہو۔	150/= روپے
۹۔	روشنی کا مناسب بندوبست نہ ہونے کے باوجود رات کو گاڑی چلانا۔	300/= روپے
۱۰۔	روڈ کے غلط طرف سے گاڑی چلانا۔	300/= روپے
۱۱۔	ٹریفک سگنلز کی خلاف ورزی کرنا۔	300/= روپے
۱۲۔	غلط طریقے سے ریل کے رستے سے گذرنا۔	400/= روپے
۱۳۔	آگے والی گاڑی کو گزرنے کی جگہ نہ دینا یا اس سے آگے نکلنے کی کوشش کرنا۔	150/= روپے
۱۴۔	ایسے شیشوں والی گاڑیوں، جن کے شیشے ڈھکے ہوئے ہوں یا اس میں بیٹھے ہوئے لوگوں کے دیکھنے میں دشواری پیش آئے۔	300/= روپے
۱۵۔	ٹریفک کی قطار کو توڑ کر آگے بڑھ آنا۔	400/= روپے
۱۶۔	دوسری ٹریفک کو سیدھی اور تیز روشنی سے نا بچانا۔	300/= روپے
۱۷۔	یکطرفہ راستے (One Way) کی خلاف ورزی کر کے اس پر گاڑی چلانا۔	150/= روپے

۱۸۔	تجویز کئے گئے طریقے کے برعکس دوسری طرف جانے کی نشاندہی کرنے والی بتی (Indicator) کا استعمال۔	300/= روپے
۱۹۔	منع کی گئی جگہ پر گاڑی چلانہ۔	150/= روپے
۲۰۔	سامان کو بے ڈھنگے طریقے سے رکھنا یا اٹھانا۔	300/= روپے
۲۱۔	مقررہ وقت پر لائٹ (Light) کا نہ استعمال نہ کرنا۔	150/= روپے
۲۲۔	ٹریفک میں رکاوٹ ڈالنا۔	300/= روپے
۲۳۔	کم رفتار والی ہدایات پر عمل نہ کرنا۔	150/= روپے
۲۴۔	حفاظتی ٹوپی (Helmet) کے بغیر موٹر سائیکل چلانا۔	150/= روپے
۲۵۔	اسکول بس کو گذرنے کے لئے راستے کی سہولت نہ دینا۔	150/= روپے
۲۶۔	منع کی گئی جگہ سے گاڑیوں کو موڑنا۔	150/= روپے
۲۷۔	نئو آزمود ڈرائیورز کو تحفظ نہ دینا۔	150/= روپے
۲۸۔	راہگیروں کو راستہ نہ دینا۔	150/=

		روپے
۲۹۔	کوتاہی اور بے دھیانی سے گاڑی چلانا۔	400/= روپے
۳۰۔	بناڈرائیونگ لائسنس کے گاڑی چلانا۔	400/= روپے
۳۱۔	ایسی گاڑی چلانا جس کا سرکاری طور پر اندراج نہ کیا گیاہو۔	300/= روپے
۳۲۔	بیمہ نہ کی گئی گاڑی کا استعمال۔	150/= روپے
۳۳۔	بغیر اسپیڈو میٹر (Speedo Meter) یا خراب اسپیڈ میٹر کے ساتھ گاڑی چلانا	150/= روپے
۳۴۔	مسافر بردار گاڑی میں خطرناک صورت میں مسافروں کو بٹھانا۔	300/= روپے
۳۵۔	خطرناک طریقے سے گاڑی کا دروازہ کھولنا۔	300/= روپے
۳۶۔	غلط راستے سے گاڑی کو موڑنا۔	150/= روپے
۳۷۔	غلط راستے پر گاڑی چلانا۔	150/= روپے
۳۸۔	جس جگہ ہارن منع ہو وہاں تیز ہارن کا استعمال کرنا۔	450/= روپے
۳۹۔	غلط طریقے سے گاڑی کو الٹا موڑنا۔	300/=

		روپے
۴۰۔	کہنے کے باوجود لائسنس نہ دکھانا۔	=/300 روپے
۴۱۔	ٹریفک پولیس کے کہنے کے باوجود گاڑی کو نہ روکنا۔	=/300 روپے
۴۲۔	گاڑی کی موزنیت (Fitness) گاڑی چلانا یا ان کی مدت ختم ہونے کے باوجود گاڑی چلانا۔	=/1000 روپے
۴۳۔	تجویز کردہ سامان سے زائد سامان لاد کر گاڑی چلانا۔	=/300 روپے
۴۴۔	غیر محفوظ حیثیت والی گاڑی چلانا۔	=/300 روپے
۴۵۔	موسیقی والا ہارن بجانا۔	=/450 روپے
۴۶۔	قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے گاڑی چلانا۔	=/300 روپے
۴۷۔	دھوان چھوڑتی گاڑی چلانا۔	=/400 روپے
۴۸۔	کم عمری میں گاڑی چلانا۔	=/500 روپے
۴۹۔	وہی غلطیاں بار بار دہرانا۔	=/500 روپے
۵۰۔	کسی بھی خلاف ورزی کو کم جاننا۔	=/500

		روپے
۵۱۔	راستے پر گاڑی چلانے والے اجازت نامے (Route Permit) کے بغیریا اس کی تاریخ گذرنے کے بعد ان راستوں پر گاڑی چلانا۔	1000/= روپے
۵۲۔	قانون ضابطہ نمبر ۴۲ اور ۵۱ کی بار بار خلاف ورزی کرتے ہوئے گاڑی چلانا۔	1000/= روپے

نوٹ:-ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔